# سالانہ کارکردگی رپورٹ

## یکم جنوری تا31 دسمبر

## 2021

انسٹی ٹیوٹ آف ریجنل اسٹڈیز پشاور، پاکستان
بالمقابل جامعہ دارالسلام خیبر کلی رنگ روڈ پشاور
فون نمبر:091 52302157
Email:info@irspk.org
Website: www.irspk.org

| سیریل نمبر | فہرست موضوعات | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| 1 | تعارف | 1 |
| 2 | ارکان بورڈ آف ڈائیریکٹرز | 2 |
| 3 | پروگرام، سیمینار، مذاکرے وغیرہ | 3 |
| 4 | بورڈ آف ڈائیریکٹرز کے اجلاس | 7 |
| 5 | دیگر سرگرمیاں/ملاقاتیں | 8 |
| 6 | احباب سروے/پری پول سروے | 9 |
| 7 | تحقیقی رپورٹس | 9 |
| 8 | مفاہمتی یادداشت پر دستخط | 10 |
| 9 | نئی عمارت میں سہولتوں کی فراہمی | 10 |
| 10 | فنڈز ریزنگ مہم | 11 |
| 11 | آڈٹ رپورٹ | 11 |
| 12 | رجسٹریشن کی تجدید | 11 |
| 13 | ویب سائٹ | 12 |
| 14 | یوٹیوب چینل | 12 |
| 15 | سوشل میڈیا گروپس | 13 |
| 16 | سالانہ مالیاتی رپورٹ | 14 |
| 17 | چیئرمین کا تبصرہ | 15 |
| 18 | تصویری جھلکیاں | 16 |

# تعارف

انسٹی ٹیوٹ آف ریجنل اسٹڈیز پشاور ایک رجسٹرڈ علمی و تحقیقی ادارہ ہے جو ۱۹۸۱ میں محترم قاضی حسین احمد نے چند احباب کی مدد سے اپنی رہائش گاہ میں قائم کیا. اس کے تاسیسی ارکان میں ڈاکٹر محمد ساعد، ڈاکٹر سید مراد علی شاہ، پروفیسر فتح الرحمن، ڈاکٹر محمد سلیم، پروفیسر عبدالعزیز نیازی اور پروفیسر نسیم صدیقی، حیران خٹک اور پروفیسر فضل الرحمن قریشی جیسی قابل شخصیات شامل تھیں. ابتدائی دور میں قرآن پاک اور دیگر اسلامی لٹریچر کا روسی زبان میں ترجمہ انجنئیر شاہ محمود نے سرانجام دیا. اس کے علاوہ بھی کئی موضوعات پر تحقیقی مقالے، مضامین اور کتب شائع کی گئیں۔ ڈاکٹر محمد ساعد کی سربراہی میں آئی آر ایس کے وفد نے وسطی اشیائی ممالک کا دورہ بھی کیا۔

سال 2008ء میں ڈاکٹر محمد اقبال خلیل کی قیادت میں اس ادارے کو ایک تھنک ٹینک، مرکز غور و فکر، کے طور پر از سر نو تشکیل دیا گیا اور نیا انتظامی بورڈ بنایا گیا جس میں پروفیسر سید محمد عباس، ڈاکٹر فخر الاسلام، پروفیسر فضل الرحمن قریشی، محمد قاسم جان، عالمگیر آفریدی، پروفیسر ارباب آفریدی، پروفیسر ظاہر شاہ، ڈاکٹر الیاس سید اور ڈاکٹر سمیع اللہ جان جیسی علمی شخصیات شامل ہیں۔ اس دور میں افغانستان، قبائلی علاقے اور خیبر پختون خواہ کے بارے میں علمی و تحقیقی کام ہوا۔ مذاکرے، سیمینار اور کانفرنسوں کے انعقاد کے ساتھ ایسے معیاری مضامین اور رپورٹس تیار کی گئیں جس سے اس خطے کے مسائل اور اہم واقعات اجاگر کئے گئے۔ افغانستان اور ترکی میں منعقد عالمی کانفرنسوں میں IRS کے نمائندوں نے شرکت کی۔

اب الحمدللہ یہ ادارہ اپنی تعمیر کردہ عمارت میں ایک نئے دور کا آغاز کر رہا ہے۔ ہم تعلیم، صحت، سماجی بہبود، معیشت، زراعت، صنعت اور دیگر شعبہ ہائے زندگی میں علمی، تحقیقی اور تخلیقی کام کریں گے اور دیگر جامعات علمی اداروں اور شخصیات کے ساتھ مل کر پاکستان کو ایک اسلامی فلاحی مملکت بنانے میں اپنا کردار ادا کریں گے انشاءاللہ ہم اپنے پڑوسی ممالک بالخصوص افغانستان کے ساتھ قریبی تعلقات پروان چڑھانے میں بھی اپنا کردار ادا کریں گے۔

## بورڈ آف ڈائریکٹرز

| | | |
|---|---|---|
| 1 | ڈاکٹر محمد اقبال خلیل | چیئرمین |
| 2 | پروفیسر ڈاکٹر فضل الرحمن | ڈپٹی چیئرمین |
| 3 | محمد قاسم جان | سیکرٹری جنرل |
| 4 | ڈاکٹر سمیع اللہ جان | فنانس سیکرٹری |
| 5 | عالمگیر آفریدی | پبلسٹی سیکرٹری |
| 6 | ڈاکٹر الیاس سید | رکن |
| 7 | پروفیسر ارباب خان آفریدی | رکن |
| 8 | بحر اللہ خان ایڈوکیٹ | رکن |
| 9 | انور شاہ مراد | رکن |
| 10 | حاجی محمد اشراق | رکن |
| 11 | حبیب الرحمن ارکزئی | رکن |
| 12 | میاں انور سید | رکن |
| 13 | پروفیسر ارشاد یوسف زئی | رکن |
| 14 | انجنئر اظہار احمد | رکن |
| 15 | ڈاکٹر ذوالفقار نیازی | رکن |
| 16 | پروفیسر آصف احمد | رکن |

## دیگر عملہ

ناظم دفتر : مولانا عمر جاوید

اکاؤنٹنٹ: انیس الرحمن

آئی ٹی: اول گل آفریدی

مددگار : عطاء اللہ آفریدی

چوکیدار: عطاء اللہ خان

# پروگرامات

## آئی آر ایس افتتاحی پروگرام

### موضوع: "خوشحال پاکستان کا خواب کیسے شرمندہ تعبیر ہوگا"

امیر جماعت اسلامی پاکستان جناب سینیٹر سراج الحق صاحب نے انسٹیٹیوٹ آف ریجنل اسٹڈیز پشاور کے "خیبر کلے رینگ روڈ" میں نئے دفتر کا باقاعدہ افتتاح کیا اور شرکاء سے کلیدی خطاب فرمایا۔ اُن کے خطاب کا موضوع **"خوشحال پاکستان کا خواب کیسے شرمندہ تعبیر ہوگا"** تھا۔

پروگرام سے ڈائریکٹر امور خارجہ جناب آصف لقمان قاضی صاحب، ڈاکٹر محمد اقبال خلیل اور پروفیسر ڈاکٹر فضل الرحمن نے بھی خطاب کیا۔

حاجی محمد اشراق صاحب (رکن بورڈ آف ڈائریکٹر) نے امیر جماعت اور دیگر مہمانان گرامی کے لئے ظہرانے کا انتظام کیا تھا۔

تمام اخبارات اور الیکٹرانک میڈیا میں افتتاحی پروگرام کے حوالے سے بھرپور کوریج دی گئی۔

## سینیٹ کے انتخابات اور مشاہدات

10 مارچ 2021 کو آئی آر ایس کے زیر اہتمام سینٹ کے انتخابات اور مشاہدات کے حوالے سے ایک پروگرام کا انعقاد ہوا۔

**شرکاء پروگرام**

عنایت اللہ صاحب، سراج الدین خان صاحب، حمیرہ رشید صاحبہ اور فضل الرحمن صاحب نے اپنے خیالات کا اظہار کیا

پروگرام کے تناظر میں سینٹ کے انتخابات کے حوالے سے ایک جامع رپورٹ بھی مرتب کی گئی۔

## جناب کرم الہی کا تحقیقی مقالہ

### موضوع: "دیر میں کے قومی انتخابات اور جماعت اسلامی کی کار کردگی"

8 اپریل 2021ء کو ماہانہ مجلس مذاکرہ میں ریسرچ سکالر رورل اکیڈمی پشاور جناب کرم الہی صاحب نے **"دیر میں 2018ء کے قومی انتخابات اور جماعت اسلامی کی کارکردگی"** کے موضوع پر اپنا تحقیقی مقالہ پیش کیا۔ اس پروگرام میں بڑی تعداد میں جامعہ پشاور کے طلباء، اساتذہ اور علمی شخصیات نے شرکت کی۔ خیر مقدمی کلمات ڈاکٹر محمد اقبال خلیل اور نظامت کے فرائض عالمگیر آفریدی نے ادا کئے۔

## پری بجٹ /پوسٹ بجٹ ویبنار

### موضوع: ” بجٹ سے وابستہ عوامی توقعات “

پری بجٹ ویبینار: 26 مئی 2021ء کو قومی بجٹ کے حوالے سے پری بجٹ ویبینار کا انعقاد ہوا جس میں ماہرین معاشیات نے روشنی ڈالی۔

جبکہ 17 جولائی کو اس سلسلے کا دوسرا پروگرام پوسٹ بجٹ ویبینار منعقد کیا گیا جس میں ماہرین معیشت (خواتین و حضرات ) نے لائیو ویبینار کے ذریعے قومی بجٹ پر اپنے خیالات کا اظہار کیا

### شرکاء پروگرام

قاضی عبدالمقتدر، پروفیسر عتیق الظفر، پروفیسر عتیق الرحمن، جناب سینٹر مشتاق احمد خان صاحب، ڈاکٹر ہما جاوید صاحبہ، بحر اللہ خان ایڈوکیٹ پروفیسر قانت خلیل اور ڈاکٹر محمد اقبال خلیل شامل تھے۔

## تعلیمی سیمینار

### موضوع: ” لازمی مضامین کا بورڈ کے امتحانات سے اخراج اثرات ونتائج “

8 جون 2021ء کو قاضی حسین احمد اڈیٹوریم میں تعلیمی سیمینار کا انعقاد ہوا

سیمینار سے تنظیم اساتذہ خیبر پختونخواہ کے صدر پروفیسر ہدایت اللہ صاحب، جنرل سیکریٹری تنظیم اساتذہ پروفیسر ناصر علی، پروفیسر ارباب خان آفریدی اور ڈاکٹر محمد اقبال خلیل چیئرمین انسٹیٹیوٹ آف ریجنل اسٹڈیز پشاور نے خطاب کیا۔

## خصوصی لیکچر پاک افغان تعلقا ت :

### موضوع: ” پاک افغان تعلقات “

10 جولائی 2021ء کو آئی آر ایس قاضی حسین احمد آڈیٹوریم میں ایک خصوصی لیکچر کا اہتمام کیا گیا

مہمان مقرر محترم جناب سید ابرار حسین صاحب (سابق سفیر برائے افغانستان)

زیر صدارت: شبیر احمد خان۔

خیر مقدمی کلمات ڈاکٹر محمد اقبال خلیل نے پیش کیئے۔

## 14اگست ،یوم آزادی پاکستان:

**موضوع: دو قومی نظریہ**

14اگست، یومِ آزادی پاکستان کے موقع پر ایک خصوصی لیکچر کا اہتمام کیا گیا

مہمان مقرر: جناب پروفیسر ڈاکٹر فخرالاسلام صاحب جامعہ پشاور

افتتاحی کلمات محترم جناب ڈاکٹر محمد اقبال خلیل صاحب نے پیش کیئے۔

پروگرام سے پہلے آئی آر ایس دفتر کے احاطہ میں شجرکاری مہم کے سلسلے میں مہمانان گرامی نے پودے لگائے

## افغانستان میں تبدیلی خدشات وتوقعات :

4ستمبر کو قاضی حسین احمد آڈیٹوریم میں،افغانستان کے موجودہ حالات کے بارے میں ایک اہم مذاکرہ منعقد ہوا جس میں ممتاز صحافی محمود جان بابر،ڈاکٹر رحمت اللہ مجاہد،ڈاکٹر محمد اقبال خلیل،عالمگیر آفریدی اور پروفیسر فضل الرحمن قریشی صاحب نے خطاب کیا۔

اس پروگرام میں جامعہ پشاور اور دیگر تعلیمی اداروں کے طلباء بھی شامل ہوئے صدر ینگ intellects عبداللہ کامل نے اسٹیج سیکرٹری کے فرائض سرانجام دیئے۔

## لوکل گورنمٹ الیکشن

27اکتوبر 2021ء کو خیبر پختونخوا کے 17اضلاع میں لوکل گورنمنٹ الیکشن کے سلسلے میں ایک سیمینار کا انعقاد کیا گیا

جس میں مندرجہ ذیل مہمانان گرامی نے اپنے خیالات کا اظہار کیا۔

جناب عنایت اللہ خان صاحب (پارلیمانی لیڈر صوبائی اسمبلی)

اسرار اللہ خان ایڈوکیٹ (پاکستان مسلم لیگ ن)

ارباب محمد عاصم سابق ڈسٹرک ناظم پشاور (پی ٹی آئی)

جناب ڈاکٹر محمد اقبال خلیل صاحب (آئی آر ایس پشاور)

## پاک افغان سرحدی تجارت ( آن لائن)

26اکتوبر2021ءپاک افغان سرحدی تجارت کی موضوع پر ایک (آن لائن) مذاکرہ کا اہتمام کیا گیا
جس کے شرکاء میں، ممتاز کاروباری شخصیت شاہ فیصل آفریدی، حسن خان شینواری، ضیاء الحق سرحدی، سید عبدالروف شاہ
جناب (سدھیر احمد) ممتاز قبائلی صحافی اور ڈاکٹر محمد اقبال خلیل نے اپنے خیالات کا اظہار کیا۔

## مزاکرہ : بیرون ملک پاکستانیوں کو ووٹ کا حق

2نومبر کو بیرون ملک پاکستانیوں کو ووٹ کا حق کے موضوع پر ایک سیر حاصل مذاکرہ (آن لائن) کا اہتمام کیا گیا۔

**مقررین:**

ڈاکٹر الطاف قادر صاحب صاحب (برطانیہ)

انجنئیر عرفان اللہ صاحب (امریکہ)

انجنئیر اظہار احمد صاحب (سعودی عرب)

ڈاکٹر فضل الرحمن قریشی صاحب

ڈاکٹر محمد اقبال خلیل صاحب

## مساجد کی بنیاد پر نظام مواخات

14نومبر 2021 کو "مساجد کی بنیاد پر نظام مواخات" کے موضوع پر ممتاز ماہر معاشیات جناب پروفیسر ڈاکٹر محمد فہیم خان نے لیکچر دیا
اسکے علاوہ پروگرام سے ڈاکٹر انور شاہ، ڈاکٹر محمد اقبال خلیل نے بھی خطاب کیا جبکہ انجینئر محمد طاہر خان نے نظامت کے فرائض انجام دیئے۔

## ٹرانسپرینسی ان کارپوریٹ سیکٹر فنا ننشل

28دسمبر 2021 "ٹرانسپرینسی ان کارپوریٹ سیکٹر فنانشل مینجمنٹ" کے موضوع پر خصوصی لیکچر کا اہتمام کیا گیا۔

مہمان مقرر: جناب عبدالرحیم سریا صاحب

افتتاحی کلمات: ڈاکٹر محمد اقبال خلیل نے صدارتی خطاب کیا

مختلف اداروں کے اکائنٹس آفس سے وابستہ افراد نے شرکت کی۔

# بورڈ آف ڈائریکٹر کے اجلاس

دورانِ سال بورڈ آف ڈائیریکٹرز کے کل 4 اجلاس منعقد ہوئے

## 30جنوری 2021بورڈ آف ڈائریکٹر کا اجلاس

30 جنوری 2021 کو بورڈ آف ڈائریکٹر کا اجلاس ڈاکٹر محمد اقبال خلیل صاحب کی زیرِ صدارت منعقد ہوا۔ کارکردگی اور مالیاتی رپورٹ پیش کی گئی۔ اجلاس میں معمول کے ایجنڈا کے علاوہ مرحومین ساتھیوں کے لئے تعزیتی ریفرنس بھی منعقد ہوا، وفات پانے والے ساتھیوں میں حافظ سلمان بٹ، اکبر علی، خیر الامان اور دیگر کے لئے فاتحہ خوانی کی گئی۔اس کے علاوہ مندرجہ ذیل حضرات بورڈ آف ڈائریکٹرز کے ممبرز مقرر ہوئے۔ ارشاد یوسف زئی صاحب، حاجی اشراق صاحب، بحر اللہ خان ایڈوکیٹ اور اظہار احمد صاحب۔ اجلاس کا اختتام دعا سے ہوا۔

## 20فروری 2021بورڈ آف ڈائریکٹر کا اجلاس

20 فروری 2021 کو بورڈ آف ڈائریکٹر کا اجلاس ڈاکٹر محمد اقبال خلیل صاحب کی زیرِ صدارت منعقد ہوا۔ کارکردگی اور مالیاتی رپورٹ پیش کی گئی۔ اجلاس میں پروفیسر فضل الرحمٰن قریشی، محمد قسم جان، ڈاکٹر الیاس سید، عالمگیر آفریدی، پروفیسر آصف احمد، ارشاد یوسفزئی، حاجی اشراق، انجینئر اظہار احمد، اور انور شاہ نے شرکت کی۔ اس اجلاس میں پروفیسر فضل الرحمٰن قریشی کی صدارت میں منصوبہ کمیٹی بنائی گئی۔جس میں محمد قاسم جان، حبیب الرحمٰن اورکزئی، عالم گیر آفریدی اور آصف احمد شامل ہیں۔

## 26جون 2021بورڈ آف ڈائریکٹر کا اجلاس

26 جون 2021 کو بورڈ آف ڈائریکٹر کا اجلاس ڈاکٹر محمد اقبال خلیل صاحب کی زیرِ صدارت منعقد ہوا۔ کارکردگی اور مالیاتی رپورٹ پیش کی گئی۔

## 02اکتوبر 2021بورڈ آف ڈائریکٹر کا اجلاس

02 اکتوبر 2021 کو بورڈ آف ڈائریکٹر کا اجلاس ڈاکٹر محمد اقبال خلیل صاحب کی زیرِ صدارت منعقد ہوا۔ کارکردگی اور مالیاتی رپورٹ کے علاوہ منصوبہ کمیٹی کی سفارشات پیش کی گئیں۔

IRS کے دستور میں ترامیم اور مستقبل کے لائحہ عمل کے بارے میں جنرل سیکرٹری قاسم جان صاحب نے ایک تفصیلی سٹریٹجک پلان پیش کیا جس کو منظور کیا گیا۔

# دیگر سرگرمیاں /ملاقاتیں

- 12 ستمبر کو IRS دفتر میں محترم راشد نسیم صاحب نائب امیر جماعت اسلامی پاکستان کے ساتھ ارکان BOD کا ایک اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں 10 ارکان شریک ہوئے. اجلاس میں IRS کے بارے میں مشاورت کی گئی اور مستقبل کے لائحہ عمل طے کرنے کے بارے میں تبادلہ خیال کیا گیا.
- سیالکوٹ یونیورسٹی کے استاد برادر رحمت اللہ صاحب کے ساتھ 21 ستمبر کو ناشتہ پر ایک مفید نشست منعقد ہوئی جس میں IRS کے مستقبل کے لائحہ عمل کے بارے میں تبادلہ خیال ہوا. پروفیسر فضل الرحمن قریشی صاحب، قاسم جان صاحب اور ارشاد یوسفزئی صاحب بھی شریک ہوئے.
- کینڈا سے آئے ہوئے مہمان سکالر جناب عامر جمال صاحب کا آئی آر ایس دفتر کا دورہ۔
- 31 دسمبر 2021 کو جناب راشد نسیم صاحب نائب امیر جماعت اسلامی پاکستان اور جناب بلال صاحب نے دوسری دفعہ آئی آر ایس دفتر کا دورہ کیا۔
- جناب پروفیسر فضل الرحمن قریشی، قاسم جان، عالمگیر آفریدی، حبیبِ الرحمن اور ارشاد یوسفزئی پر مشتمل منصوبہ کمیٹی کے 5 اجلاس منعقد ہوئے جن میں مستقبل کے لائحہ عمل اور حکمت عملی کے علاوہ IRS کے دستور میں اصلاحات پر بھی غور و غوض کیا گیا اور BOD کے لئے تجاویز تیار کی گئیں.
- خیبر میڈیکل یونیورسٹی میں 16 ستمبر کو ICRC کے تحت علماء کرام کے ایک سیمینار میں ڈاکٹر محمد اقبال خلیل چیئرمین آئی آر ایس نے شرکت کی اور طبّی عملے پر تشدد کے واقعات کے حوالے سے گفتگو کی. اس دوران ICRC کے ذمہ داران سے IRS کے ساتھ مل کر کام کرنے کے لیے ایک تجویز پر بات ہوئی.
- ہمدرد شوری کے اجلاس میں افغانستان کے موضوع پر ڈاکٹر محمد اقبال خلیل نے کلیدی خطاب کیا۔

## عید ملن پارٹی

4 مئی 2021 کو عید ملن پارٹی کا اہتمام کیا گیا۔

جناب عالگیر آفریدی مہمان خصوصی تھے۔ کل 10 افراد نے شرکت کی۔

## احباب سروے

احباب سروے مئی سے شروع ہوا اور اکتوبر 2021ء تک 300 سابقین جمعیت سے انٹرویو کئے گئے۔

اس کے لئے جمعیت سے مل کر فوکس گروپس کے دو اجلاسات ہوئے۔

اس سلسلے میں سروے فوکس گروپ کا اجلاس 22 دسمبر 2021 کو منعقد ہوا۔

31 دسمبر 2021 کے احباب کنونشن میں اس کی رپورٹ پیش کی گئی۔

## پری پولنگ سروے

19 دسمبر 2021 کو ہونے والے بلدیاتی انتخابات سے پہلے ایک سروے کرایا گیا۔

## تحقیقی رپورٹس

- ملک کے نظام تعلیم پر کرونا وائیرس کے اثرات
- قومی انتخابات 2023ء کے لئے مجوزہ منصوبہ (برائے مرکزی جماعت)
- سینٹ کے انتخابات کے حوالے سے ایک جامع رپورٹ

## آئی آر ایس کے ساتھ مفاہمتی یا داشت (MoU) پر دستخط

دوران سال آئی آر ایس نے مندرجہ ذیل اداروں کے ساتھ مفاہمتی یادداشتوں پر دستخط کئے۔

- ✓ آرڈی ایس
- ✓ قرطبہ یونیورسٹی پشاور
- ✓ آئی پی ایس، اسلام آباد (انسٹیٹیوٹ آف پالیسی اسٹیڈیز)

10 جولائی 2021 IPS اور .IRS کے درمیان باہمی تعاون کے معاہدے پر دستخط کئے گئے

جناب سید ابرار حسین صاحب ڈپٹی چیئرمین IPS اور ڈاکٹر محمد اقبال خلیل چیئرمین IRS نے دستاویزات پر دستخط کئے۔

## آئی آر ایس کی دفتری معاملات میں پیش رفت اور عمارت میں سہولتوں کی فراہمی

دفتری معاملات میں بہتری لانے کے لیے ضروری اقدامات کئے گئے۔ مندرذیل افراد کو مختلف ذمہ داریاں سونپی گئیں۔

- ➢ برادر اظہار احمد (پروگرام منیجر)
- ➢ مولانا عمر جاوید (آفس اسیسٹنٹ)
- ➢ اول گل آفریدی (IT)
- ➢ انیس الرحمن (اکاؤنٹنٹ)
- ➢ عطاءاللہ آفریدی (مددگار)

دفتری اوقات کار طے کئے گئے۔ ہفتہ میں 5 دن (صبح 8 بجے سے شام 5 بجے تک)

- ❖ دفتری کام کیلئے ایک مکمل کمپیوٹر سسٹم اور ایک ڈیجیٹل کیمرا خریدا گیا۔
- ❖ ٹیلی فون اور انٹرنیٹ کنکشن کی تنصیب کی گئی ہے۔
- ❖ فوٹو اسٹیٹ مشین کی تنصیب کی گئی ہے۔
- ❖ پانی کے لئے زیرزمین نئی ٹینکی تعمیر کی گئی ہے اور چھت کی مرمت کی گئی۔
- ❖ مہمانوں کے لئے شیلڈز تیار کئے گئے۔
- ❖ پنکھوں کی تنصیب کی گئی۔
- ❖ ایئر کنڈیشنرز لگائے گئے۔

## آڈیٹوریم کا استعمال

قاضی حسین احمد آڈیٹوریم کو مناسب کرایہ پر دیگر تنظیموں، پروگرمات کے استعمال کے لیے اجازت دی گئی.

اب تک ہال میں کئی پروگرمات منعقد ہو چکے ہیں.

## بک شاپ

دفتر کے گیٹ کے ساتھ ایک کمرہ/دوکان تعمیر کیا گیا جس کو کرایہ پر دیا جائے گا انشاءاللہ

## فنڈزریزنگ مہم

فرینڈز گروپ میں ماہ جون میں شروع ہونے والے فنڈز ریزنگ مہم جاری رکھی گئی

16 لاکھ روپے سے زائد وعدے کئے گئے تھے جن میں سے 14 لاکھ سے زائد رقم وصول ہو چکی ہے.

## آڈٹ رپورٹ

- لاہور کی ایک آڈٹ فرم کے ذریعے سے سالانہ آڈٹ رپورٹ 2020/21 مکمل ہو چکی ہے۔

## رجسٹریشن کی تجدید

- آئی آر ایس رجسٹریشن کے احیاء کے لئے تین سال انتھک محنت کی گئی. چیئرٹی کمیشن کے پی، پولیس کے محکمے CTD سے NOC حاصل کی گئی، اور کئی مراحل سے گزر کر رجسٹریشن کی تجدید ہو گئی۔ الحمداللہ

## ویب سائٹ

IRS کی ویب سائٹ کو منظم کیا گیا اور اس میں IRS کا تعارف اور مختلف موضوعات پر مضامین شامل ہیں۔

- ❖ کرونا کی تعلیم پر اثرات
- ❖ **Impact of Covid-19 on Education Sector in Khyber Pakhtunkhwa**
- ❖ خیبر پختونخوا کے تحصیل کونسل کی نتائج 19 دسمبر 2021
- ❖ آرٹیکلز
- ❖ **بیرون تجارت کا توازن**
- ❖ **افغانستان میں طالبان حکومت**
- ❖ Afghanistan Current Situation and Future Road Map
- ❖ Three Trillion Un-audited Expenditures Cause the Economic Distress
- ❖ Turkish factor in Afghanistan
- ❖ میں ایک پولیو کا بچہ
- ❖ Syed Munawar Hassan

## یوٹیوب چینل

*اس پورے عرصے میں یوٹیوب پر IRS TV کافی فعال رہا۔ پروگرامات کے علاوہ دیگر موضوعات پر گفتگو کی ویڈیوز بھی بنائی گئی جن میں خاص طور پر افغانستان کے بدلتے ہوئے حالات پر چیئرمین IRS ڈاکٹر محمد اقبال خلیل کے تبصرے اور رپورٹس شامل ہیں۔






- اب تک 92 ویڈیوز بنائی گئیں۔
- کل ناظرین 12 ہزار
- کل subscribers کی تعداد 474 ہے. جبکہ کسی ایک ویڈیو کے ناظرین کی زیادہ سے زیادہ تعداد 823 ہے.

## سوشل میڈیا کا استعمال

اس وقت IRS کے تحت واٹس آپ پر فرینڈز گروپ(232) متحرک ارکان پوری دنیا میں موجود ہیں اور مختلف اہم موضوعات پر تبادلہ خیال کیا جاتا ہے. اس کے علاوہ مختلف شعبوں میں ماہرین کے گروپس بھی قائم ہیں جن میں معاشی، سماجی، تعلیم، صحت اور خارجہ امور شامل ہیں. ان کے علاوہ پشتو زبان میں بھی ایک گروپ بنایا گیا ہے جس میں پاکستان اور افغانستان کے ساتھی شامل ہیں۔

## فرینڈ آف آئی آر ایس گروپ

فرینڈز آف آئی آر ایس کے نام سے واٹس اپ گروپ کا قیام عمل میں لایا گیا ہے۔ جس میں 216 ممبرز ہیں۔
گروپ کے قواعد وضوابط مرتب کرنے کے لئے جناب فضل الرحمن صاحب کی سربراہی میں ایک کمیٹی بنائی گئی۔ جنہوں نے گروپ کے قواعد وضوابط مرتب کئے۔
گروپ میں سے مختلف امور کے ماہرین پر مشتمل 5 سب گروپس بنائے گئے۔ جس میں صحت، تعلیم، امور خارجہ، مالیات کے حوالے سے گروپ شامل ہیں۔
واٹس App کے سب گروپس کے اگ الگ اجلاس منعقد ہوئے اور گروپ کی الگ کابینہ تشکیل دی گئی

**واٹس App سب گروپس :**

**معاشی امور :** صدر، قاضی عبدالمقتدر۔ سیکرٹری، ڈاکٹر خلیل الرحمٰن

**تعلیمی گروپ :** صدر، پروفیسر سید ظاہر شاہ۔ سیکرٹری: پروفیسر آصف احمد

**صحت گروپ :** صدر، ڈاکٹر راشد حنیف۔ سیکرٹری، ڈاکٹر سعید انور.

**امور خارجہ :** صدر، پروفیسر فضل الرحمن قریشی۔ سیکرٹری، عالمگیر آفریدی.

**سماجی امور :** صدر، سیف الرحمن درانی۔ سیکرٹری، حبیب الرحمن اورکزئی

# ANNUAL FINANCE REPORT Jan to Dec (2021)

**Institute of Regional Studies Ring Road Peshawar**

**Income & Expenditures Statement for the Period of January 2021 To December 2021**


| **Particulars** | **Amount** | **Particulars** | **Amount** |
|---|---|---|---|
| | | Staff Salaries | 325,000 |
| Cash/Donation Receipts | 1,328,755 | Air Conditioned Purchases | 246,000 |
| | | Construction material | 177,410 |
| Income from Sale of Plot | 600,000 | Labour Cost | 69,800 |
| | | DSLR Camera | 44,000 |
| Sale of Iron | 16,600 | Computer Purchase | 21,500 |
| | | Software Charges | 15,000 |
| Share Profit(Razi Institute) | 141,200 | Election Survey | 90,000 |
| | | Printing & Stationary | 40,870 |
| | | Furniture & Fixtures | 129,430 |
| QHA Porgrame Charges | 24,000 | Audit Fee | 20,000 |
| | | CCTV Cameras | 35,000 |
| | | Electricity Expense | 37,865 |
| | | Crockery & Cutlary | 4,000 |
| | | Electricity Bill | 120,668 |
| | | PTCL Bill | 41,370 |
| | | Travelling Expenses | 21,000 |
| | | Mobile Cards | 8,000 |
| | | Mobile Accessories | 850 |
| | | Generator Repair | 1,180 |
| | | Sanitry Expense | 4,410 |
| | | Misscellenouse Expense | 15,535 |
| | | Printer Repair | 1,500 |
| | | Food Expense | 64,360 |
| | | Photocopier Repair | 7,600 |
| | | PTCL Connections | 5,000 |
| | | Telephone Set | 1,000 |
| | | Contractor | 197,000 |
| | | Service Charges to KK Office | 6,000 |
| | | Hardware Expense(Paintetr) | 14,000 |
| | | Grocery | 2,180 |
| | | Multimedia | 45,000 |
| | | Service Charges AC | 8,800 |
| | | **Total Payments** | **1,821,328** |
| | | **Balance Amount** | **289,227** |
| **Total Amount** | **2,110,555** | **Total Amount** | **2,110,555** |

## چئیر مین کا تبصرہ

2021 میں اللہ تعالی کے فضل و کرم سے کئی سال کے تعطل کے بعد IRS کی سرگرمیاں کافی حد تک بحال ہو گئیں. عمارت کی تعمیر اور کورونا وبا کی وجہ سے گزشتہ سال بھی کام نہیں ہو سکا تھا لیکن اس سال ہم نے نئے دفتر کی تزئین و آرائش کے ساتھ ساتھ اس میں ضروری سہولیات بھی فراہم کر دیں اور ایک مناسب افراد کار بھی مہیا کر لئے. کیٔ اچھے پروگرام بھی ہوئے. 2014 کے بعد پہلی مرتبہ ادارے کی رجسٹریشن بھی ہوئی جس کے لئے بہت زیادہ مشکلات برداشت کرنا پڑیں. اس پورے سال کے دوران IRS کے ارکان عاملہ کا بھرپور تعاون جاری رہا. فرینڈز گروپ کی وجہ سے ملکی اور غیر ملکی سطح پر رابطے اور حمایت حاصل ہوئی اور youtube چینل کی وجہ سے IRS کے دائرہ اثر میں وسعت پیدا ہوئی. اب ھم اس پوزیشن میں آ گئے ہیں کہ قومی سطح پر ایک تھنک ٹینک کے طور پر کام کر سکتے ہیں. لیکن اس کے لیے ھمیں اپنے استعداد کار میں اضافے کے ساتھ انسانی اور مالی وسائل درکار ہیں. میں ان تمام ساتھیوں کا نام تو نہیں لے سکتا جنھوں نے اس سال رضاکارانہ طور پر ایک عظیم مقصد کے لئے ھمارا ساتھ دیا لیکن ان کی خدمات کا اعتراف، شکریہ اور دعا ضرور کروں گا انشاء اللہ


اس سال کے دوران ایک اہم سرگرمی کورونا وبا کی پابندیوں کا تعلیمی میدان پر مضر اثرات ہیں جس کو قومی سطح پر زیادہ اہمیت نہیں دی گئی۔IRS نے اس تعلیمی نقصان کو اجاگر کرنے کی بھرپور کوشش کی۔اس سلسلہ میں ۳ مختلف رپورٹس جاری کی گئیں ، سیمینار رکھا گیا اور پورے پاکستان میں جامعات ، اساتذہ کی انجمنوں ، طلبہ تنظیموں ، ارکان پارلیمنٹ اور اہم شخصیات سے رابطے کئے گئے اور تعلیمی اداروں کی بندش اور بغیر امتحانات کے پاس کرنے جیسے اقدامات کے مضر اثرات کو اجاگر کیا گیا۔

## افتتاحی تقریب 12 جون 2022






## MOU signed between IRS and IRDS. الحمدللہ








## BOD Meeting on 30th January 2021





# BOD Meeting on 19th February 2021








**Debate on Voting right for overseas Pakistanis held in IRS . Participants from L to R are Dr Altaf Qadir, Dr Muhammad Iqbal Khalil, Prof Dr Fazlurehman Qureshi, Eng Irfanullah and Eng Izhar. Mr Maqbul Islam was online. الحمدللہ**




**BOD members who attended the meeting were Prof Fazlurehman Qureshi, Alamgir Afridi, Dr Samiullah jan, Arbab Afridi, Mian Anwar Said, Haji Ishraq, Habiburehman, Eng Izhar and Anwar Murad Shah.**


خصوصی لیکچر
"مساجد کی بنیاد پر نظام مواخات"
پروفیسر ڈاکٹر محمد فہیم خان صاحب
معروف ماہر معاشیات
3 بجے
بمقام : انسٹی ٹیوٹ آف ریجنل اسٹڈیز خیبر کلب رنگ روڈ پشاور




HAMDARD
THINKERS' FORUM
HOTEL GRAND
SPEAKER
SHURA HAMDARD PESHAWAR


INSTITUTE OF REGIONAL STUDIES PESHAWAR